بہتر ہے پادشاہون سے کمتر گدائی غوث

ہرچند دور تر ہون مین بغداد سے ورا
پر جان و دل ہمیشہ ہی میرا فداے غوث

ہر ایک کو وسیلہ ہے ایک دوسرے سے نت
ندرت کو آسرا ہی نہین ہے سواے غوث

غیر نے شانہ کیا جب کے تیرے بال کے بیچ
دل مجنون نہ رہا اپنے ذرا حال کے بیچ

پاؤن رکھتے ہی لچک کھا دے ہے سو طرح کمر
بس قیامت ہے میان ناز و ادا چال کے بیچ

تک سنبھل رکھیو زمین پر قدم اے سرو خرام
پھنس گیا ہے دل غمگین ترے خلخال کے بیچ

مرغ پر بستہ سا مجبور ہین کب تنگ آہ
دل کو طاقت ہے نہ قوت ہے پر و بال کے بیچ

یہہ غزل سنتے ہی ندرت سے لگا کہنے وہ گل
تازہ مضمون نپٹ ہے ترے اقوال کے بیچ

بوے سہاگ ہے جو کچھہ اوس گلبدن کے بیچ
نے گل مین ایسے بو ہے نہ مشک ختن کے بیچ

ہیہات کیون نہ دست جنون سے گلا کرون
یک تار بھی نہین ہے مرے پیرہن کے بیچ

کسطرح اوسکی عشق سے باز آون ناصحا
پیوست ہے سدا وہ مرے تن من کے بیچ

مرقد پہ جسکے ہم گئے مرقد تک اپنے وہ
آ نکلے گر تو ٹھہرون نہ دم بھر کفن کے بیچ

دیکھی وہ لالہ رو دل داغی اگیر میرا
جز نام پاک حضرت خیر الانام کچھہ
کھدو بجو میون سے زمین دوست ہونگا اب
پیر قریب رگ سایشت دوہاسے یہہ

قطعہ

یکدم بہی دم نہ لے کسو باغ اور چمن کے بیچ
یارب نہ وقت نزع ہو میرے دہن کے بیچ
چہپا مریومت نجوم کے رنجن ومحن کے بیچ
طاقت ذری رہی نہین چرخ کہن کے بیچ

لذت سے دو جہان کے دہو ہاتہہ ندرتا +
کیا ذایقہ ہے دیکہہ تو اوسکی ذقن کے بیچ

وسبدم خلق کو ہے نقرہ وزر کی لالچ
تو نہو برین تو کب جان سے ہے کام ہمین
یار و بابوسی قاصد سے غرض اور ہے کچھہ
بے غرض کوئی کسیکو نہین کرتا ہے سلام

ہے مجھے سیمبریک تیرے نظر کی لالچ
جان بہی رکہتے ہے بجہہ رشک قمر کی لالچ
منتین ساری ہین یک چیز دگر کی لالچ
صاف تسلیم ہے نواب کو زر کی لالچ

نیک نامی ہین جو مصروف ہے ندرت دنرات
دوستو اوسکو ادہر سے ہے اودہر کی للچ

نگر ہے کون ایسا دل آزار بے طرح
آجاوین کیون نہ بیچ مین عشاق بلکہ خلق
کیونکر مناوٴن اوس بت سرکش کتین بہلا

بیکل جو آج کل ہے دل آزار بے طرح
باندہا ہے اوس نے شملہ بلدار بیطرح
واللہ آپکے مجہہ سے ہے بیزار بیطرح

کسطرح ناصحون کی سخن کو اثر ہو اب
ندرت تو ہو گیا ہے گرفتار بے طرح

اتنا خفا نہ ہو جئے اس مبتلا سے شوخ
بن تیرے کیون ہو خواہش سیر چمن مجہے

ممنون اوسکو کیجیے کچھہ تو وفا سے شوخ
کب کام مجہکو ہے چمن دلکشا سے شوخ

یکروز تو شیخ کہیگا ندرت سے خدا یا
کہتے نہین کرنا ہو جنہین وعدہ وفا جہوت

گوشہ

میرے دل کتین اے جان دسیگرو جو غوث
عودے انگھیے پہ تیرے جو کہ سونہری تہی وہ

سب خلق کو ضرور ہے نت اقتدائے غوث
الحق جو ہے رضائی خدا سو رضائے غوث

اس ذات پاک کا ہو بیان کسطرح سے وصف
اندازہ سے زیادہ ہے حد ثنائے غوث

کب اوسکے معتقد کو ہو پروائے دوسرا
بہتر ہے پادشاہون سے کمتر گدائی غوث

ہر چند دور تر ہون مین بغداد سے ورا
پر جان و دل ہمیشہ ہی میرا فدائے غوث

ہر ایک کو وسیلہ ہے ایک دوسرے سے نت
ندرت کو آسرا ہی نہین ہے سوائے غوث

غیر نے شانہ کیا جب کے تیرے بال کے بیچ
دل مجنون نہ رہا اپنے ذرا حال کے بیچ

پاؤن رکہتے ہی لچک کہا دے ہے سو طرح کمر
بس قیامت ہے میان نازو ادا چال کے بیچ

تک سنبہل رکہیو زمین پر قدم ای سرو خرام
بہس گیا ہے دل غمگین تیرے خلخال کے بیچ

مرغ پر بندسا مجبور ہین کب تک آہ
دل کو طاقت ہے نہ قوت ہے پرو بال کے بیچ

یہہ غزل سنتے ہی **ندرت** سے لگا کہنے وہ گل
تازہ مضمون نپٹ ہے ترے اقوال کے بیچ

بوئے سہاگ ہے جو کچھہ اوس گلبدن کے بیچ
نے گل مین ایسی بو ہے نہ مشک ختن کے بیچ

ابہات کیون نہ دست جنون سے گلا کرون
یک تار بہی نہین ہے میرے پیرہن کے بیچ

کسطرح اوسکی عشق سے باز آؤن ناصحا
پیوست ہے سدا وہ میرے من کے من کے بیچ

مرقد پہ جسکے ہم گئے مرقد تگ اپنے وہ
آ نکلے گر تو ٹہرون نہ دم بہر کفن کے بیچ

قطعہ

دیکھی وہ لالہ رو دل داغی اگر میرا ۔ یکدم ہی دم نہ لے کسو باغ اور چمن کے بیچ

جز نام پاک حضرت خیر الانام کچھہ ۔ یارب نہ وقت نزع ہو میرے دہن کے بیچ

کہدو نجومیوں سے زمین دوست ہونکا اب ۔ چپا مر یومت نجوم کے رنجن و محن کے بیچ

پیر فریب رگ سا ایشت دوہا ہے یہہ ۔ طاقت ذری رہی نہین چرخ کہن کے بیچ

لذت سے دو جہان کے دہو ہاتہہ ندرتا +

کیا ذائقہ ہے دیکہہ تو اوسکی ذقن کے بیچ

وسبدم خلق کو ہے نقرہ و زر کی لالچ ۔ ہے مجہے سیمبر یک تیرے نظر کی لالچ

تو نہو برین تو کب جان سے ہے کام ہمین ۔ جان ہی رکہتے ہے بتجہہ رشک قمر کی لالچ

یارو بابوسی قاصد سے غرض اور ہے کچہہ ۔ منتین ساری ہین یک چیز دگر کی لالچ

بے غرض کوئی کسیکو نہین کرتا ہے سلام ۔ صاف تسلیم ہے نواب کو زر کی لالچ

نیک نامی مین جو مصروف ہے ندرت دن رات

دوستو اوسکو ادہر سے ہے اودہر کی لالچ

بگڑا ہے کون ایسا دل آزار بے طرح ۔ بیکل جو آج کل ہے دل آزار بے طرح

آجاوین کیون نہ پیچ مین عشاق بلکہ خلق ۔ باندہا ہے اوس نے شملہ بدار بیطرح

کیونکر مناؤن اوس بت سرکش کتین بہلا ۔ واللہ اکہے مجہہ سے ہے بیزار بیطرح

کسطرح ناصحون کی سخن کو اثر ہو اب

ندرت تو ہو گیا ہے گرفتار بے طرح

اتنا خفا نہ ہوجئے اس مبتلا سے شوخ ۔ ممنون اوسکو کیجئے کچہہ تو وفا سے شوخ

بن تیرے کیون ہو خواہش سیر چمن مجہے ۔ کب کام مجہکو ہے چمن دلکشا سے شوخ

بن تیرے چشم لطف کے میرا نہو علاج
یہہ درد وہ نہین ہے جو جاوے دوا سے شوخ

یون خوش صدا کو سن تیرے ہوتا ہی دل سدا
جون خوش ہو روزہ دار اذان کی صدا سے شوخ

لذت نہ پوچھہ قتل کی جب سر دیا ہو آہ
انداز کرکے کیا ہی ہتایا ہے پا سے شوخ

شمشیر لیکی ہاتہہ مین ندرت کو مت ڈراو
گر مارتے ہو مار دیو لیکن ادا سے شوخ

قطعہ

تیرے فراق سے دلکو ہے ہر زمان فریاد
کرے ہے جیسے کوئی مرغ نیم جان فریاد

ہزار حیف صدا گوش زد نہوا وسکی
سنے ہے لاکھون سدا میری آسمان فریاد

سدا بتنگ ہے میری صدا سے ہمسایہ
کرون مین کب تلگ اوسکی پس مکان فریاد

کرون جو سنگ سے فریاد تو پہگل جاوے
گذر ری ہی نہ سنتے ہین یہہ بتان فریاد

بدولت اوسکی نہین کون نعرہ زن ہیہات
مین ایک ہی نکرون ہون بصد فغان فریاد

فلک کو چرخ ہے اور خور سے کے دل پر داغ
کرے ہے شام سے تا صبح کہکشان فریاد

یہہ حال ہے تیرے ندرت کا ای ستمگر سن
کہ نزع دم ہی کرے ہے وہ خستہ جان فریاد

ہوا ہے جب سے تیرے گھر کا در بند
پڑے رہتا ہون کو انکہہ اپنے گھر بند

تیرا یہہ سینہ بند آسا وری کا
کیا ہے میرے سینہ مین شرر بند

ہوا تن عشق مین مسطر کشیدہ
کرو کوئی ماجرا میرا سطر بند

مین چاہون کس سے اپنی داد جاکر
رہ انصاف کا ہے یارو در بند

بند ہا ہے پہلے ہی سے زلف کا وہ
دوبارہ مار ندرت کو نکر بند

جواب کا تیرے ہے ای لب شکر لعاب لذیذ
سوال کا میری گو تلخ دی ہے یار جواب
جو بوسہ چاہون تو غصہ ہو تہوک دے منہہ سے
کبہو نہ طالب ہین عاشقان واللہ
ہے میٹھے میٹھے سخن اوسکی یاد دیکھو یہ کچھ
پیون ہون خون جگر اسلئے مین سوختہ دل

ہزار نبات مین ہے کب کہان گلاب لذیذ
ہے نبات سے بہتر وہ یک جواب لذیذ
قسم بعشق کہ ہے وہ مجھے عتاب لذیذ
سدا دیوان کو رہتا ہے اضطرب لذیذ
نہ ونکو چین لگی ہے نہ شب کو خواب لذیذ
بغیر اوسکے مجھی کیون لگے شراب لذیذ

ہزار نعمت ایوان سے اب تو ندرت کو
لگے ہے ذکر تمہارا ہے بو تراب لذیذ

بات کی بات مین برہم ہوا یار آخر کار
وصل کے دن جو کی دن سے تھی ہر روز امید
تا سر کوی صنم اپنا گذر ہوے صبا

کیا فلک تجھسے یہی ہی مجھی آخر کار
عشق نے مجھکو دیکھائی شب تا آخر کار
اس تمنا مین ہون مین غبار آخر کار

کس طرح رفع تہید ستی ہو ندرت تیری
دست مقصود تو ہے دست نگار آخر کار

ہم تو بیٹھے ہین انسے وان کو چھوڑ
جائین ہم کیونکہ بلبل آتے ہین
نزع دم بھی کہے ہے دل ہیہات
نکلے بے پردہ گر وہ پردہ نشین

تو نہ نکلا کبھو مکان کو چھوڑ
تیرے کوچے مین گلستان کو چھوڑ
جاؤن کیون تجھ سے مہربان کو چھوڑ
مہر و مہ آئین آسمان کو چھوڑ

روح ندرت بجاوے سوے بہشت
غوث اعظم کی آستان کو چھوڑ

تیغ ابرو سے یہ کس مہ کی ہے دل چاک ہنوز
خون بہاتے ہیں جو نت دیدۂ غمناک ہنوز

دل بیکل کو اس اچپل کی جو آنیکا ہے دھیان
شکل سیماب تڑپتا ہون تہ خاک ہنوز

پھر خوشنودی اغیار تو دیکھو اوس نے
گالیان دیتا ہے رہ رہ کہ مجھے لاک ہنوز

دل میرا پاک ہو کیونکر کہ رقیبوں سے ہاے
یار کی ساتہ ہی رہتا ہے وہ ناپاک ہنوز

بخدا وصف بتان کیون نہ کہون اب ہر رات
ہے قلم تیز میرا طبع ہے چالاک ہنوز

کس مے آشام کا ہے شام و سحر ہو بیان ہر جو
چھوتا مجھ سے نہیں اب نشۂ تریاک ہنوز

واصف شافع محشر ہے یہان تک ندرت
کہہ رہا ہے دم آخر بھی وہ لولاک ہنوز

خواہش شاہی نہ دلکو پارسائی کی ہوس
ہے مگر اوس شوخ کی در کی گدائی کی ہوس

ای دل دیوانہ مت دے جان میری بات مان لے
ہے عبث اوس بیوفا سے آشنائی کی ہوس

جان بلب جانان بن آئے ہو جو ای صیاد ہائے
کب قفس سے ہو بھلا اسکو رہائی کی ہوس

ابتلک پہونچا نہیں ہون منزل مقصود کو
یا علی تم سے ہے مجھکو رہنمائی کی ہوس

کس گھڑی ندرت ہوا تھا پھر یار وہ دشمن
اب جو رکھتا ہے بھلا اوس سے بھلائی کی ہوس

غزل

مت ستاؤ ہمین صیاد کہ پامالی سے
رہ گئے اوترنے سے ہین تا سر دیوار کہ بس

دلکو ہے کس لالہ رو کی لعل رنگونکی تلاش
مجہ سیہ کی جو یک عالم کو ہے خونکی تلاش

وہ فسون ساز اپنا ہو جاوے کسی صورت سے رام
اس سبب رہتی ہے دلکو یار و افسونکی تلاش

قطرہ ہاے اشک میرے ہین بہ از لعل و در
ہو مجھے کس رنگ لعل و در مکنون کی تلاش

کوچۂ جانان تلک کب ہے گذر پر حیف ہے
آہ کو نت کہ لیے ہین سیر گردون کی تلاش

عاشقانہ کیون نہو ہر شعر **ندرت** کا بہلا
دم بدم رہتی ہے اوسکو تازہ مضمون کی تلاش

جب کہاوٴن یادرخ مین تیرے گل علی الخصوص
پہلے ہی تیر عشق سے زخمی تہا دل میرا
بے اختیار صبر ہے نت راہ عشق مین
پان مسی و کاجل و زرین موباف سے

کاکل کہی ہے کہا ٹیو سنبل علی الخصوص
تکرے کری ہے تیغ تغافل علے الخصوص
اُسپر علاوہ ہیگا تحمل علے الخصوص
زیبا ہے اوسکے چہرہ پہ کاکل علی الخصوص

میدانِ فن شعر مین **ندرت** سا یک ہے وہ
ہے جسکو فیض صاحب دلدل علے الخصوص

یہان تک خفا ہے مجہسے خونخوار ہے
رہ رہ کے قصد فصد کرے ہے جو نت طبیب
جا کس سے شکوہ کیجئے فرقت کا اوسکی آہ
غیرون سے اختلاط برا دیکہ کرکے جان

آتا ہے خواب مین بہی لئے تلوار الغرض
سمجہا نہین ہے میرا وہ ازار الغرض
جب ہو نہ اپنا کوئی بہی غمخوار الغرض
جی زندگی ہو گیا بیزار الغرض

ہرگز نہ دی ہے سود دعا و دوا او سے
ندرت تو ہیگا عشق کا بیمار الغرض

اسطرح دلکو میرے آہ و فغان سے ربط
بہو نہ دیکہین شبنم نہ گل انکہین بہر
یک حرف دوستانہ میرا بہی سنا ئیو
جب دیکہے مجہکو پیچہے رقیبون سے ہے یہ کون
ندرت کی بدنامی تو حرف غلط نہین

جسطرح عندلیب کو ہو باغبان سے ربط
جن سے یارو مجہکو برا اس بدگمان سے ربط
بز تلے ہے حرف شوق کے آخر زبان سے ربط
صد حیف اتلک نہین نام و نشان سے ربط
رہتا ہمیشہ اوسکو ہے کیا خوش قدان سے ربط

بے خطر میرے ہون مین چشم گریان الحفیظ
لخت دل ہین اشک کے قطرون مین پنہان الحفیظ

چاہتا ہے دل جو چاہ غم مین گر مر جائے
ہے یہ کس تشنہ چاہ زنخدان الحفیظ

کیا قیامت کو کریگا آج کے دن مین بپا
مار کر مجھہ کو ہوا ہے پہر جو خندان الحفیظ

اس کمند حزین سے دلکو ندرت کیون بچائے
کاکل مشکین ہوئے ہین رہزن جان الحفیظ

تیغ ابرو سے ہون گھایل ہوئے اے دل و جان الوداع
غیرت گلشن ہے خون میر ا گلستان الوداع

تب سے ہے دست و گریبان مجھے ہیہات ربط
ہاتھہ سے تیرے ہوا ہے جب سے دامان الوداع

حلقۂ ماتم ہین نت گریان رہون مین کیون نہ ہائے
خط کے آنے سے ہوا ہے حسن خوبان الوداع

قطعہ

یاد کر مجھکو ہمایون سے تیرے بیمار عشق
سر د آہین بہر کے جو کہتا تہا ہر آن الوداع

نزع دم بہی اسے بت کافر کہے ہے خلق وہ
کہہ رہا ہے اے عدوے دین و ایمان الوداع

عشق مین تیرے ہی ندرت کتین حاصل ہوا
جان سے اپنے ہوا اے جان جانان الوداع

گو دل بیتاب کو ہے دین و ایمان سے فراغ
پہر نہین ابتک ہوا ہے عشق خوبان سے فراغ

یک نہ یک دن روتے روتے ڈوب جاویگی یہ جان
آخر ش ہمکو نہین ہے چشم گریان سے فراغ

کسطرح حالات فرقت کیجیے ظاہر بہلا
ایک دم دل کو نہین ہے آہ پنہان سے فراغ

کونسا وہ زخم ہوویگا جو مین کہایا نہین
دیکھو اب تک نہین ہے تیر مژگان سے فراغ

کیا خیال خام ہے اوسکو جو کرتے ہو دوا
درد ندرت کو سدای باروا رمان سے فراغ

سہو اجو دیکھون اوس ستم ایجاد کی طرف
ہو کر خفا وہ دیکھے ہے جلّاد کی طرف

ای کانِ حسن دل میرا غمناک ہے بہت
لکھ کان رکھیگا میرے فریاد کی طرف

غیرون کا ساتھ تمکو مدام لہے رات دن
لگتا ہے تو دیکھو عاشق ناشاد کی طرف

گر دیکھ پاوے وہ قد نو خاستہ تیرا
قطعاً نہ دیکھیگا کوئی شمشاد کی طرف

پر مین امید راستی رکھتا ہون اوس سے نت
مایل اگرچہ ہوین وہ بیداد کی طرف

یا غوث چشم لطف ہو **ندرت** پہ کیون نہ اب
ہے وہان سارا تیرے ہی امداد کی طرف

نہووے مجھ سا خدا کوئی مبتلائی فراق
کہ گذری ہین میرے نت عمر در بلائے فراق

مین حال دل کرون کس طرح سے بخدا اظہار
نہین ہے مونس و ہمدم کوئی سوائے فراق

خدا کیواسطے بتلاؤ تو طبیبو تم
کسے کتابون مین دیکھے ہو گر دوائی فراق

ہو کس طرح سے میرے دلکو سیر باغ کا شوق
کئے ہین سینہ کو گلزار داغہائے فراق

جو اس شمایل خوبی سے تجھکو ڈالا ہے
اوسی سے چاہتے ہین ہم سدا سزائے فراق

رکھی ہے مجکو جو سیماب سا نپٹ بیکل
ہوی ہے مجھ سے بھلا ایسی کیا خطای فراق

فراق ہاتھ مین آوے تو دیکھو پھر **ندرت**
قسم بعشق کہ لیویگا خون بہائے فراق

ہاتھ نہ پہنچا کبھو یار کی دامان تلک
لیک ہے ایک دست رس اپنی گریبان تلک

ہمسری کب ابر کو دیدۂ تر سے میری
پہنچی ہے اب موج اشک بحر و بیابان تلک

در پہ مجھی دیکھ وہ بولا ہے دربان سے کیا
کسلئے یہہ گھر گیا آیا بھلا یہان تلک

گلکو نہ دیکھے کبھو بلبل شیرین مقال
تو جو نظارہ کرے لال گلستان تلک

دیکھو نہ پوچھا کبھو ندرتِ شیدا کا حال
گو کہ وہ حاضر ہے نت مالِ سے لے جان تا گت

شب جو آجاوے کہین وہ رشک خوبان در بغل — ہون کنارہ کش اگر ہو حور مضمون در بغل
باغبان سے سیر گل کی کب خوشامد ہو ہمین — داغ دل دیکھلاے ہے ہردم گلستان در بغل
کب ڈرین اس ابر طوفان خیز سے ای آہ سرد — تیری دولت ایسے کئی رکہتے ہین طوفان در بغل
تا پس مردن ہم آغوشی کا وسکے ہو نہ ہو یان — ہمدمون رکہہ دیجیو تصویر جانان در بغل

اسقدر سودای الفت ہے ترا کہتے ہے خلق
رہتے ہاین ندرت کے اب دست گریبان در بغل

نہین ہے آشنا مجھ سے میرا دل — ہوا ہے جب سے تیرا مبتلا دل
جو فرقت اس طرح ہلائی ہے اسکو — ہوا یہ کس پری پر مبتلا دل
نہین یک آن بالکل کل ہے کس سے — عجب اسنے اداؤن سے لیا دل
نہین ہوویگا اب مایل کسی پر — ترے باتون سے پایا ہے سزا دل

نظر آتے نہین جون شکل عنقا
اجی ندرت کہان ایسا لگا دل

کوچہ جانان مین جب جاتے ہین ہم — خاک مین دلکو ملا آتے ہین ہم
یاد کر وہ تیر مژگان بے گمان — کیا پڑے گوشے مین چلاتے ہین ہم
خواب مین بہی آئیے گر تیرا خیال — آپ مین پہرون نہین آتے ہین ہم
راز مخفی اوسکا جب یاد آئیے ہے — کچہ عجب در پردہ غم کہاتے ہین ہم
جب جنون عشق ہوتا ہے تیرا — دل کو جا صحرا مین بہلاتے ہین ہم

بوسہ گر مانگون تو کہتا ہے وہ شوخ
دکھ تیرے ہاتھون سدا پاتے ہین ہم

وصف یہ قدرت سے رہتا ہے مدام
آج کل تیرے سے ملاتے ہین ہم

بن تیری گر یان نہوتی چشم الفت کی قسم
دیکھ کر اغیار کو ہمچشمون ہمچشم اوسکی گیا
چہیڑ دون گر یاد اوسکو آہ و نالونکو تو خلق
مجھسے مت شرما کہ ہون آشفتہ ازلی ترا

آبرو باقی نہ رہتی ابر رحمت کی قسم
آئینہ سا بن گئے ہم چشم حیرت کی قسم
بہول جاوین شور محشر کا قیامت کی قسم
نازسے مجھ پاس آ تجھکو نزاکت کی قسم

اس قدر بے التفاتی بس نت لازم نہین
تجھکو ہے اے جان جانان جان ندرت کی قسم

گردش چرخ سے یا روتہ غمین ہوتے ہم
سمن و نوش و ذکری سے ہوتا ہین کام
صدر کی گاہ سے حکومت کا ہوتا ہین دھیان
سو طرح فخر ہین اہل جہان سے ہوتا

وصل مین کا ہیکو اسطرح حزین ہوتے ہم
فضل سے حق کے اگر صدر امین ہوتے ہم
کوچۂ یار مین گر صدر نشین ہوتے ہم
محفل خاص مین گر اوسکی قرین ہوتے ہم

بہیجتے پہلے رقیبون کو ہے بنکول کو ہم
ندرتا حاکم شیشن جو ہمین ہوتے ہم

مجھے جاذبۂ شوق کا رہتے ہین اثر ہم
کسطرح سے ہو سوزش پنہان کا بیان ہائے
نے مال و نہ اسباب نہ کچھ مایہ ہے نزدیک
کس راہ گذر کی ہے رخ زلف کا دھیان آہ

اس کوچہ مین جو فقط کہتے ہین تیر اگذر ہم
آہون سے بہرے رہتے ہین سینہ مین شرر ہم
پر عشق کی دولت ہین سدا دیدۂ تر ہم
جو راہ سدا رکہتے ہین شام و سحر ہم

کچھہ خویش و بیگانے سے نہین کام ہے ندرت
پر یہ کہتے ہین یک لطف خدا پر ہی نظر ہم

نہ سیل اشک ہے نے نم رہا ہے آنکھون مین
شفق کیطرح سے خون جم رہا ہے آنکھون مین
خیال وصل ہے کس ماہ پاریکا جی کو
جو لخت دل میرا آ تھم رہا ہے آنکھون مین
اگرچہ شاد پس مرگ ہون شفاعت سے
مگر وہ یار کا یک غم رہا ہے آنکھون مین
یہہ کس شرابی کے زلفونکا دھیان ہے ادہر آ
بجائے نشہ جو یک سم رہا ہے آنکھون مین

خدا کیواسطے ٹک دیکھہ لے تو ندرت کو
کہ انتظار مین کچھہ دم رہا ہے آنکھون مین

ہم پہ جب سے کہ تلطف ترا ای حور نہین
کونسا دن ہے کہ غمگین دل رنجور نہین
مہر و مہ گو چہ ہین پر نور بہت سے لیکن
چہرۂ یار کی مانند تو پر نور نہین
بھول جائے تو ہمین لاکھہ یہ بھولے ہم سے
دھیان جائیگا ترا تا بلب گور نہین
کسطرح دولت وصل اونکی میسر ہو بھلا
بات کرنیکا بھی اوس شوق سے مقدور نہین
جون ترے ہاتو نہین پاؤن ستم ہون او کہین
یون دیوانون کو ستانیکا تو دستور نہین
آنکھین غیرون سے لڑا او نہ میرے آگے ہان
جو لڑانا ہے مجھے اغیار سے منظور نہین
ابر مین اوس رخ تابان کے خجالت سے جو
کونسا دن مہ و خورشید جو مستور نہین

لکہ غزل اور بہی ندرت کہ سوا تیرے تو
اب غزل گوئی مین ایسا کوئی مشہور نہین

کونسا دن ہین اب نالہ و فریاد نہین
دل جدا یاد سے تیرے ہو سو یہ یاد نہین
ہو جو بیکل کہون جب تشنۂ دیدار ہون آج
کیا ہے بولے ہی وہ اوسوقت تو جبگا نہین

خود کو ہم بھول گئے یاد مین جس مہوش کی
گاہے گاہے ہی وہ کرتا ہین اب یاد نہین

کھول دیوے رگِ جان اپنی تو بے رگ نہین
ڈھونڈتے ہین کوئی اسطرح کا فصاد نہین

ہائے تجھ بن مجھے گھر اپنا لگے اک خانہ خراب
تو نہ جس گھر مین ہو ہرگز وہ گھر آباد نہین

قطعہ

بن ترے اے بت بے مہر ہون یون خوار و غمین
کوئی ہمدم میرا جز نالہ و فریاد نہین

ہنسکے کہتے ہین مجھے گلشن ہستی کے لوگ
دیکھے اسکو بخدا ہمتو کہین شاد نہین

دیکھہ کر مجکو وہ غیرون سے جو کہتے ہو جان
کیون میرے حق مین کسیطرح کا ارشاد نہین

جب یہہ کہتا ہون تو بولے ہے خفا ہو کر کیا
خو خوبان ہے یہ کچھ میری ہی ایجاد نہین

لکھہ غزل اور بھی **ندرت** کہ سوا تیری اب
دوسرا شہر مین ایسا کوئی اُستاد نہین

یار ہمدم ہو گر جوانے مین
حظ بھی ہیگا زندگانے مین

دل میرا کیون فدا ہوا اُسپر
مشتہر ہے وہ خاندانے مین

زن بیوہ سے بات بھی کرنا
خوش نہ آئی ہے نوجوانی مین

رنج الفت یہ کچھ سہون ہون کہ کوئی
نہ سنا ہو کہین کہانے مین

دیکھتا گر تری زمانے شکل
رہتی باقی نہ ہوش بانی مین

زلف اوس رخ پہ یون ملی ہے ہر جون
کوئی لڑتا ہے مار پانی مین

خواب مین بھی نہ دیکھے کوئی **ندرت**
جو مزے لوٹے ہم جوانی مین

وہ بے درد مجھ پاس آتا نہین
یہ غم بھی ذرا بھولے جاتا نہین

گمان بدی تجھ سے ہوتا اگر
یقین جانو مین دل لگاتا نہین

حضور اوسکے کیا بات موت و حیات | جسے اپنے جینے کی پروا نہین
ہوا بسم سے جی نکل کر ہوا | وہ لے دل سے دہیان اوسکا جاتا نہین

تیرے در سے ندرت بجاتا کبھو
جو اسطرح سے تو ستاتا نہین

ایضاً

اے کریم کارساز دو جہان | لطف سے تو جہہ پہ ہو اب مہربان
جب غوث اعظم اسکا خدا سے خطاب ہو | کہیو کہ اوسکا کیسا مقدس جناب ہو
لائق ہے جسکو مرتبۂ محبوبیت ملے | وہ کیا عجب کہ شافع روز حساب ہو
فیض و عطا سے جسکی ہو ہر اہل دل فخر | کب ایسا یار و کوئی ولایت مآب ہو
جب پیر دستگیر دو عالم سا ہو تو کیون | حاجت روا ہماری نہ بیشک شتاب ہو
خایف ہون جسکی نام سے سب حاملان عرش | زور ولایت اوسکی کا کیا رعب و داب ہو
اوس مہر فیض کی کرون کس منہ سے عز و شان | شرمندہ جسکی آگے مہ و آفتاب ہو

رکھہ کر وسیلہ اوسکا جو حاجت خدا سے تو
ندرت دعا نہ کیونکہ میری مستجاب ہو

تیرا وہ تو رتبہ ہے کہ جو ڑ ہو | تو ترک سے بھی اوسکا تو ڑ نہو
جب تنگ دیکہہ پاؤنین اوس گلعذار کو | تسکین کبھو نہ ہوگی دل بیقرار کو
جانب سے آرہی ہے ہر دم یہی صدا | یکدم تو سرفراز کر امیدوار کو
دے چرخ چرخ دون کو دبا دون یک آئنین | تک چہیر دون جو اپنے مین اس چشم زار کو
ای غیرت چمن کسی جا بنے جادل | یکسان مین جانتا ہون خزان و بہار کو

سکہلائی سے رقیبون کے کہتا ہون سنیو خوب

مت کہو ڈھٹہہ سے اجی ندرت سے یار کو

گریہ اپنا گر دکہاؤن یاد کر اوس یار کو
پہونچے کب یہہ ابر میرے چشم دریا بار کو

دیکہتا ہون جب ہلال عید کہتا ہون یہی
مجھکو دکہلادے خدا اوس ابروے خمدار کو

دخت رز سے دیکہہ ہمدم لوگ کہتے ہین مجہے
کسنے دی لڑکی یہہ اپنی ایسے بداطوار کو

کچہہ سمجہہ دل مین کہ ہم کیا کیا کہے تیرے لئے
واسطے تیرے اوٹہائے منت اغیار کو

بوسہ جب مانگون وہ کہتا ہی قیامت کر دیا
خشہ تنگ ہا ہبخیہ تیری لب میرے رخسار کو

مذہب و ملت میرا مت پوچہہ ای خانہ خراب
عرش سے بڑکر سمجہتے ہین تیرے دیوار کو

تو نہو جس باغ مین وہ سیر کب ندرت کو بہاے
خار سے بدتر سمجہتا ہون گل و گلزار کو

انکہین غیرون سے لڑاتے ہو بہلا یاد رکہو
کیون ہمین آتنا کڑہاتے ہو بہلا یاد رکہو

سب پہ ظاہر ہو چکا راز نہانی جانی
مجہہ سے کیون آتنا چہپاتے ہو بہلا یاد رکہو

معلوم جی پر جان کے انجان ہین ہم
چوری سے کسکو بلاتے ہو بہلا یاد رکہو

بیٹہہ کر پاس میرے دیکہتے ہو غیر کو جو
مجھکو ناحق کے ستاتے ہو بہلا یاد رکہو

بہر خوشنودی اغیار جو ندرت کو تم
انکہین بدلا کے ڈراتے ہو بہلا یاد رکہو

ایضاً

کہو تمکو کس نے سکہایا ہے پیاری
جو ہر بات مین مجہہ سے لڑ بیٹہتے ہو

ایضاً

شاعرون سے دل ندرت تنگ آوے نہ کیون
ہر گہڑی کہتے ہین کوئی قافیہ ایجاد کرو

ایضاً

جب پہول وہ پہنے ہے تو کہتا ہون عزیزو
دل کو میرے لیجاؤ کوئی ریختنی کو

پہلے ہی سوز عشق سے کہایا ہون گل پہ گل
مت ذکر غیر سامنے اے گلبدن کرو

ہوتے ہو ہر چمن مین خرامان جو بےدرنگ — مرقد کو میری بھول کبھو تو چمن کرو
چاہے جو دل کبھو یہ نہ آنے کی چھوڑ دو — پھر خدا نہ بھولے ہی ایسا سخن کرو

ہے تمکو یون وصیت ندرت کہ بعد مرگ
بغداد مین لیجاکے عزیزو دفن کرو

ایضاً

اگر ہو مجھکو میرے سوز بان ہو — نہین ممکن کہ شکر اوسکا بیان ہو
چھوڑا ہون دیکھ تیرے لئے یک جہان کو — پر تو کہے تو جاؤنگا اب اصفہان کو
اوس ماہرو کے عشقمین آتا ہے یہ خیال — مدرا سے چھوڑ جائے شاہ جہان کو
اس واسطے مین ہجر کو چہتا ہون وصل سے — مجھ سے ہمیشہ ضد ہے فقط آسمان کو

ندرت یہ وضع چھوڑ دی تجھکو نہین ہے خوب
تیرے سے عیب ہوتا ہے سب خاندان کو

ایضاً

جب اوٹھا یا خوب سا ہمنے جدائیکا مزہ — تب سے بھیا ناکہ ہے یہ آشنائیکا مزہ
باوفا جب تجھے سمجھے تھے کہ ای شیرین دہن — دیکھا اب ویسا ہی ہمنے بیوفائی کا مزہ
چاشنی یہ چکھی ہے جسنے تلخ باتونکی تیرے — کیون نہو معلوم اوسکو دل لگانیکا مزہ
خوب دیکھا دیر و کعبہ پھر کے ہمنے کچھ نہین — عشق کی لذت کے آگے پارسائیکا مزہ

لینے سے نام مبارک مصطفےٰ کا بے سخن
دلکو ندرت کے ملا ہے گیا صفائیکا مزہ

آج گھر تیرے ہے اوس رشک قمر کا چلہ — زہرہ و مشتری آگا تے ہین چلا چلہ
اوسکو ہر لحظہ خدایا بطفیل احمدؐ — رکھیو تو آباد ہمیشہ یہ ہے جسکا چلہ
چشم بد دور ہو چشم فلک بھی روشن — دھوم سے ایسا کسو کا بھی نہ آیا چلہ

ای سخن سنج جو ہے آج باسم محمود | گلشن ہستی مین اوس غنچہ دہن کا چلہ
یہی ندرت کی دعا ہے کہ دیکھا وے تجھہ کو
اوسکی اولاد کے اولاد کا ربّا چلّہ

ہم اب تو ارے بیٹھے گو جاوینگے جان سے
یک لحظ بہی تیرے سے میسر ہو ملاقات
اسطرح سے رسوا ہون تیری عشق مین جانا
دل جیسے دے اوسکو گذر بیٹھے ہین جا تسنے

ہرگز نہ مکر جاوینگے اٹھہ کر کے یہان سے
امید نہین ہے مجہی اس بخت گران سے
پوشیدہ نہین حال میرا خورد و کلان سے
کیا ہمکو سروکار اجی سود و زیان سے

وا کر کے ذرا سینہ تو آغوش مین آؤ
نخرے نکرو حضرت یحیی علی خان سے

جب مین نے سُنی یار سے تقریر درم کی
دنیا کا تو احوال سراسر ہے ہویدا
مانند درم سخت دل اہل دول ہے
نت زر کو جو الفت ہے سدا صاف زرجب سے

ناچار لگا کرنے کو توقیر درم کی
یہان ہر کس و ناکس کو ہے تدبیر درم کی
دی سو دیہہ کچھہ انکو ہے تاثیر درم کی
کی مفلسون نے کچھہ تو ہے تقصیر درم کی

آنا فقط اُس شخص کا خوش آیا ہے فی الحال
ندرت جو کرے میرے سے تقریر درم کا

کون اپنے دل کی انتظاری ہے
کہدو اہل جہان سے چھوڑو جہان
بعد مردن بہی گرد باد بنے
کہین کیا وصل کی وصال ہے اب

یون جو اس دل کو بیقراری ہے
چشم کو میرے اشکباری ہے
واہ کیا خوب خاکساری ہے
دیکھو کیسی امیدواری ہے

مثل آئینہ ہین جو ندرت تو
کیا یہ حیرت یہ کیسی زاری ہے

ہجر مین تیرے جو ہم کھوئے جوانی جانی
مفت جان اپنی دے عشق مین تیرے ہیہات
عمر بھر سنتے رہے نقل و حکایات تم آہ
سن نئی باتون کو اغیارون کے خورسند ہو

بس بس مرگ بہی اپنی نشانی جانی
تجھکو جلنے نہین تہی آفت جانی جانی
کبھو بھولے تو سنو میری کہانی جانی
دوستی تجھ سے ہین رکھتا ہون پرانی جانی

تو نے خود دیکھ لیا خوب رقیبون کا سلوک
بات ندرت کی بھلا کیون نہین مانی جانی

گر تو شراب دیوے مانگونگا مین نہ پانی
پاؤن پہ اوسکے گر کر کہتا ہون بل تو بولے
ملنا نہ چاہتے ہو اسے ماہرو جو مجھ سے
کسطرح شکل اوسکی کھینچے کوئی مصور

ہاتہون سے تیرے پینا حلال ہی نے
یہہ بات تیری ہرگز مانونگی اور نہ مانی
موہنہ تو کبھو دکھاؤ از راہ مہربانی
حیران جون آئینہ ہون بہزاد اور مانی

کہتے ہین اہل دنیا ندرت کو دیکھتے ہی
آشفتہ کر لیا ہے کوئی اُسکو خاندانی

آج گھر تیرے جو چلّے کی رچی ہی شادی
شاد و آباد ہمیشہ رہے دلہن بیگم
باپ ماں بہنون کے اور اُسکے رہی سر اوپر
جسکے چلّے کی مچی دہوم ہے اب چارو نطرف
دمبدم یون دل ندرت سے دعا نکلے اب

زہرہ و مشتری دیتے ہین مبارکبادی
جسکی آبادی سے یک خلق کی ہی آبادی
تا ابد سایہ فگن اوسکی جو ہیگی دادی
رہے دلشاد و سدا دہ بہ شہ بغدادی
دادی کے سایہ مین جیتی رہے یہ شہزادی

ماہ سے تشبیہ اوسکے منہہ کو کچھہ انصاف ہے | ولہ | اوسکے منہہ پر داغ ہے اور اسکا کہٹر اصاف ہے
تپ درون کو ہیرے بس مفید ہو یارو | ولہ | وگال اسکا جو گلقند افتابی ہے
کیا ضعف و نقاہت دی فرقت نے تیری جانے | ولہ | سو بار اجل آئی اور مجکو نہ پہچانی
کاکل مین گر خون کے دل بد فغان کرے | ولہ | جیسا مفسل کے شکوہ ہندوستان کرے
سینہ جو چاک از جدائی ہے | ولہ | یہہ گل خیر آشنائی ہے
نالے کرنے سے ہو وینگے موم پتھر کے | ولہ | کسطرح ہووے اثر انکے ہین من پتھر کے
آج گلشن مین خرامان ہی وہ جادوگر نار | | کہین ہنجائین نہ اشجار چمن پتھر کے
خوبیان سب ہین تیرے بین مگر اک سنگدلی | | گل سے نازک ہے بدن لیک چلن پتھر کے
ای برہمن تو خدا سے انہین نسبت مت دے | | دیکھہ لے صاف بتون کے ہین بدن پتھر کے

لب کو تشبیہ نہ دے لعل سے ندرت اوسکے
لب جان بخش ہین وہ لعل ہین پتھر کے

درد دل لایا ہون یا غوث الوری | | غم بہت کہایا ہون یا غوث الوری
چسین جب زیر فلک دیکھا نہین | | سخت گھبرایا ہون یا غوث الوری
کب تلک جور الم سہتا رہون | | سخت تنگ ایا ہون یا غوث الوری
خواہش دنیائے دون مین روز و شب | | عمر کو کہویا ہون یا غوث الوری
گرچہ مین ہون نیک یا ہون بد خصال | | تیرا کہلایا ہون یا غوث الوری

تم شفیع ندرت کے ہوگے روز حشر
جان کر آیا ہون یا غوث الوری

ای جان تیرے آنے کی جو دم خبر آوے | | مر جاؤن تو بہی جسم مین پہر جان بہر آوے

بھر جاوے نہ کیون گر گل امید سے دامن — اوس گل کا اگر خواب مین دامن نظر آوے
مہتاب بہ فلک پر شک سے منہ ڈھانپ لے اپنا — بکھرے ہوے بالون سے جو وہ بام پر آوے
جب خواب مین آنے کو گمان ہووے کچھ اور — کیونکر ہو گمان بر مین کہ وہ سیمبر آوے

ندرت ہے فدا اوس مہرو پہ بصد چشم
جبریل امین روبرو جسکے بر آوے

جہان ای ماہر دلو جلوہ گر ہے — وہان سب خلق یکسر بے خبر ہے
جو آشفتہ دلا خاطر ہے تیری — کہین تو شیفتہ اپکے گر ہے
کہون کیا بار ہجر اس سنگدل کا — بس مردن بہی چہاتی پر حجر ہے
جدائی نے کیا ہے نیم بسمل — تجھے جانا ہماری کچھ خبر ہے
سو مطلب سے ندرت ہاتہ دہویا — ہمارا قصہ یارو مختصر ہے

در تعریف دلھن بیگم صاحبہ

خارج زبسکہ وصف سے ہے تیرا بیان سے — کسطرح شکر ہو سکے میری زبان سے
یک خلق کہہ رہی ہے دلہن بیگم آج کل — مشہور نام نامی ہے کس عز و شان سے
ہین کیون نہ تجکو حاکمہ عصر اب کہون — فیض یک جہان کو ہے تیرے آستان سے
شادان رہے ہمیشہ بجاہ عظیم تو — اعدا پہ ہو نزول بلا آسمان سے
دکھ کا نہ نام خواب مین بہی تو سنے کبہو — رکھیئے خدا تجھے یہہ کچھ امن و امان سے
وہ نور چشم ہو تجھے از فضل شاہ دین — لیوے سدا خراج وہ ملک جہان سے
شایان زبسکہ دولت حشمت ہو اسکو نت — شاہان عصر جسپہ قربان جان سے
قطعہ
دیتے ہین یون دعائین نمک خوار اب تجھے — ہر ایک لحظہ دل سے ہر یک دم زبان سے

ہوگا فیوگا اسکی ہو یارب زیادہ عمدہ
ندرت کو فیض جسکے ہے نت آستان سے

قطعہ

ہر کوئی چاہے ہے تجھسے یہی ہر آن و زمان
عرض ندرت پہ یہ ہے بارگہ والا مین
تماشا اپنی قدرت کا دکہا دے * ایضاً
جو وصف اوسکا حوالہ ہووے * ایضاً
لکہی ہے ایسی غزل یہہ ندرت

زر و مال اتنا ملے اور بہی خلعت ہووے
خلعت و شال عنایت کی ہووے
* عدو روئے خدا مجھکو ہنسا وے
* تو یک بڑا سا رسالہ ہووے
صلا مین اوسکے دوشالہ ہووے

تواریخ متفرقہ

تاریخ نکاح جناب رئیس اعظم با اعظم النسا بیگم

ہوا ہے جب نکاح شاہ دولان *
چہپا کر سر کو ہاتف نے کہا یون *

* بر آینگے نہ کیون مقصود عالم
* ہوا ہے عقد والا جاہ اعظم ۶۴ ۱۲

تاریخ ورد ضروری

کیا اتمام اس کتاب کو جب
از دل زہد کیا ہے سال اوسکا

مجمع فیض مولوی قادر
کہا ندرت وظیفہ نادر ۶۱ ۱۲

تاریخ رسالہ قلتین

بعنایات مہر ختم رسل
آسمان سر جھکا کے اسکا سال

لگا جب ہونے یہ رسالہ بنا
حل تحقیق قلتین کہا ۱۲

تاریخ تحسین الاخلاق

لکھا جب یہ کتاب مجمع خلق	دوست ز بیروستا و اشفاق
چشم بد دور سال ختم اوسکا	بولا ندرت تحایف الاخلاق ۱۲۶۶

تاریخ بھیج کتب

فراہم ہوے پانچ نسخے بہم	بدو جلد ہر نسخہ بہتر ز گنج
کہا بے ششش و پنج کیا اوسکا سال	گلستان یہ چمن دل نکتہ سنج ۱۲۶۶

تاریخ انتقال شمس الدولہ بہادر تقطیع اوسکی مفاعلن فعلات مفاعلن فعلات —

رئیس زادہ امیر زمان و شمس دول	جب اس سرا سے یکایک سفر کا ع
سروش غیب نے ندرت سے یہ خبر سنکے	چراغ گل ہوا سال اوسکا میرے تین ۱۲۶۶

تاریخ اتمام دیوان

مرتب ہوا جب یہ دیوان میرا	کھلا غنچۂ دل گیا سب ملال
فلک مجھ سے ہنس ہنس کے سن اوسکا یون	گلستان خندان کہا اوسکا سال ۱۲۶۶

تمت

مورخہ بست و پنجم شہر ربیع الاول روز یکشنبہ ۱۲۹۷ ہجریہ مقد

کتبہ خورشید رقم
عرف مشایخ